09/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔۔اعجازہ اختر

گڈکری

روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے آج سرینگر-لیہہ قومی شاہراہ پر زیر تعمیر زوجیلا ٹنل کی بریک تھرو تقریب میں شرکت کی ۔اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔یہ ٹنل 14کلو میٹر لمبی ہوگی اور اس پر 6ہزار8سو کروڑ روپے خرچ کئے جا رہے ہیں۔

اس سے قبل سرینگر پہنچنے پر ایل جی منوج سنہا نے سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر مرکزی وزیر کا استقبال کیا۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں لینڈ پورٹ منیجمنٹ نظام کا آغاز کریں گے ۔اس کا مقصد تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے سرحدی تجارت اور مسافروں کی نقل و حرکت کے شعبے میں صلاحیت، شفافیت اور سکیورٹی کو بڑھانا ہے ۔

نشہ

جموں کشمیر کو نشہ کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔ابھیان کی شروعات کے موقعے پرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا۔

.....LG Byte......

ایل جی خراج

برسا مُنڈا کی برسی پر انہیں زبردست خراج Bhagwan لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مجاہد آزادی عقیدت ادا کیا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ ان کی سماجی خدمات کوہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

کانفرنس

بین الاقوامی برکس زرعی کانفرنس آج مدھیہ پردیش کے شہر اندور میں منعقد ہو رہی ہے ۔اس کا نفرنس میں 21ملکوں کے وزرائے زراعت ، اعلیٰ عہدیدار اور زرعی ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔ ان میں برازیل ، چین، روس ، جنوبی افریقہ وغیرہ ملک شامل ہیں۔

سرمد حفیظ

سماجی بہبود محکمے کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے کل کنن پوشپورہ کپواڑہ مینوائبرنٹ ولیج پروگرام دوئم کے تحت چلائی جا رہی مختلف اسکیموں کا جائزہ لیا۔کمشنر سیکریٹری نے بعد میں مقامی لوگوں کے ساتھ ملاقات کی ، جس دوران لوگوں نے ان کو در پیش مشکلات کے بارے مینجانکاری دی ۔

کٹس بھی تقسیم کئے۔PMMVY سرمد حفیظ نے اس موقعے پر بچوں میں

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر
انش

ل گرگ نے آئندہ مون سون کے دوران امکانی بارشوں کے پیشِ نظر وادی کشمیر کے تمام ضلع ± ترقیاتی کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں سیلاب سے
بچاو

کے اقدامات، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاریوں اور ہنگامی ردِعمل کے بنیادی ڈھانچے کی ٰٔ صورتحال کا جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر نے پیشگی تیاریوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ ضروری وسائل کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

لابرو

محرم الحرام 1448 ہجری کی آمد کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لابرونے
شہر کے مختلف اہم امام بارگاہوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے محرم الحرام کی مجالس اور
جلوسوں کے
پ

رامن اور منظم انعقاد کے لیے کیے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔±

ڈپٹی کمشنر نے انتظامیہ اور مقامی کمیٹیوں کے درمیان قریبی تال میل پر زور دیتے ہوئے
یقین دلایا کہ ضلع انتظامیہ تیاریوں کی مسلسل نگرانی کرے گی ۔

پلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع آفسران کی ایک میٹنگ میں ضلع بھر میں
مشن یووا کی عمل آوری اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ضلع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایمپلائمنٹ نے
مشن یووا کے مختلف اجزاءکے تحت حصولیابیوں کا خاکہ پیش کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے تمام اہل نوجوانوں اور خواہشمند کارخانہ داروں تک اسکیم کے فوائد
پہنچانے کی ہدایت دی۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے کل ڈاک بنگلہ سمبل میں ایک میٹنگ کے دوران شری
امرناتھ جی یاترا 2026 کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان
مو

ثر رابطے پر زور دیا۔ انہوں نے کہ یاتریوں کی سہولت، حفاظت اور آرام کو یقینی بنانے کے ئ
لیے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

اننت ناگ

ضلع اننت ناگ کے انتظامی جج جسٹس رجنیش اوسوال نے ضلع عدالتی کمپلیکس اننت ناگ کا دورہ کرکے وکلاءکے لیے نئے چیمبرس کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھا۔عدالتی کمپلیکس پہنچنے پر جسٹس اوسوال کو رسمی گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

اپنے خطاب میں جسٹس رجنیش اوسوال نے کہا کہ مجوزہ چیمبرس وکلاءاور سائلین کے لیے بہتر سہولیات فراہم کریں گے، جس سے انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید مو

ثر بنایا جا سکے گا۔ئ

بیداری

تک ایک Mamneth Peakروڈ سرینگر نے کل ہارون سےMA گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن ٹریکینگ پروگرام کا اہتمام کیا، جس کا مقصد طلباءکوصحت مند رکھنے کے علاوہ ان میں ماحولیاتی بیداری پیدا کرنا تھا ۔

کپواڑہ

گاؤں میں کل تیندوے نے ایک اسکولی بچے کو شدید Manzpathra کپواڑہ ضلع کے چوکیبل زخمی کر دیابعد میں وہ زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا ۔علاقے میں واقعے کے بعد خوف و ہرا س پھیل گیا ہے اورمقامی باشندوں نے وائلڈ لائف محکمے سے اپیل کی ہے کہ وہ اس تیندوے کو پکڑنے کیلئے اپنی کارروائیاں تیز کر دیں۔

پیٹرولیم

پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے باوجود ملک میں خام تیل، ایل پی جی اور قدرتی گیس کی فراہمی مکمل طور پر مستحکم ہے۔ نئی دہلی میں بین وزارتی میڈیا بریفنگ کے دوران وزارت کے ایڈیشنل سیکریٹری، Praveen Khanuja نے کہا کہ حکومت نے ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔

اس موقع پر کیمیکلز و فرٹیلائزرز کی وزارت کی ایڈیشنل سیکریٹری Aparna Sharma نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں کھادوں کے سٹاک کی مجموعی صورتحال اطمینان بخش ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ